لال و نیا آج مانند زلیخا ہی جوان — ہم بغل ہی شاہد یوسف لقای صبح عید
لکشا گلیان اگر دیکھے یان آموے — گو چہ چاک گریبان بھول جای صبح عید
نوبت کاسہ علیخان چہر خورشید جاہ — فرش پا انداز ہی جنکا رای صبح عید
ملبوہ فرحا جشن مین ہی آج وہ کیون نہ — کیون نہ بزم پاک مین آنکہین بچھای صبح عید
دست والا کی گہر بخشی جو دیکہر ابر یکتا ہی — ننگ سمجہی اپنی دامن کو قبای صبح عید
فرش بزم و نور مہ مین کسطرح کر لی تمیز — کیا کسی عارف کی لمین تہی صفای صبح عید
آگیا سرکار دامان دولت ہاتھ مین — بڑہ کے پہنچا ہی کہان دست سخای صبح عید
چاہتی ہی روز پڑہنا مصحف دین کا اگر — سب سے پہلے روی اقدس دیکہا جای صبح عید

مخمل زرین کی مسند پر اگر کیجے جلوس
خواب غم میں خفتہ بختونکو جگائی صبح عید

گل فشان نواب کو دیکھی جو ہنگام سخن
باغ محفل میں گل مقصود پائی صبح عید

عطر میں ہو غرق تقویم سنین ماضیہ
بسکے خوشبو میں جوان جلسہ جائی صبح عید

اپنی قابل جانتا کوئی غلام خاص اگر
جامۂ عیسیم کیوں رہتی قبائی صبح عید

گلشن عیش ہمایوں میں جو آئے بہر سیر
خندۂ شادی کی گلونسے سکھائی صبح عید

دیکھے گلہای نسرین پر اگر شبنم کا لطف
شرم کو ماری پسینے میں نہائی صبح عید

وصف یوں ممکن نہیں مشہی بھوں کی نہکا
پہلے جوی شیر سی منہ دھو کر آئی صبح عید

ہاتھ آجای جو رنگ لالہ زار بے نظیر
مل لے مہندی شاہد گلگوں قبائی صبح عید

پاک دامانی عروسان حرمین کی نکیہ کر
پردۂ خجلت میں چھپتی ہی قبائی صبح عید

وسعت اس باغ مصفا کی نظر آئے اگر
چہنے کو جیب گل نسرین میں جائی صبح عید

بارگاہ عرش رفعت تک پہنچا کسطرح
پا گیا معراج کیا بخت رسائی صبح عید

حضرت والا کو لیجائی جو حج کیواسطے
پہلے کعبہ میں سفیدی پہر آئی صبح عید

حضرت نواب کو دشت منا میں دیکھکر
کبش اسمعیل پھر جنت سے لائی صبح عید

عیش قسمت اضحیہ کا حکم سن پائی اگر
سامری کی گاؤ زرین نذر لائی صبح عید

دیکھکر حج میں حضور پاک کو آیندہ سال
تہنیت کیواسطے کعبہ میں آئی صبح عید

تا قیامت خلیل اللہ کا عجل سمین
حکم ہو تو بہر قربانی منگائی صبح عید

وہم کے لایق نہیں ہر آہوی چشم ستان
سعی بیجا کر کے کیوں الزام اوپر لائی صبح عید

عید یوں قربان ہی جشن ہمایوں پر مدام
ہر دنی میں قربانیان جیسی فدائی صبح عید

بزم والا میں ہجوم عیش و عشرت دیکھکر
راہ اپنی گھر کے جانے کی نہ پائی صبح عید

آتی ہو دیوانخانہ میں نقطہ شکل نشاط
جای قلعی آئینو نمیں ہی صفائی صبح عید

چاندنی کیا لیگیا دیوانخانہ کی فلک
جای بہت اپکی برسا وجلی قبائی صبح عید

عشق گیسو میں کمر درست ہی بادی گئی
تیری دہلیز پہ سیل آنسو تک بہی جاتی گئی

شعبدہ پر یا کرشمہ حسن چشم دزد کا
ابلق نیل و نہار آہوی چشم ستان ہوگیا

لے اڑی بیچارگی ہفتم تک تمہارا نشتر
طیلسان مشتری دامان یزدان ہوگیا

ناخنی کی سی نہل پڑھائی ہی دست صناع میں
ہوبہو چندی تاتار کا استخوان ہوگیا

نخل سوسن خامۂ نیلگون اس کے لئے
نیلگون اس کی طلسمی کے لئے دفتر ہوا

غزل

مہوا تک آفتاب کا ہر تل نکلتا ہی نیا
فاش تو اوج عید میں کرگئی نعلت ہلال

نزاکت کا کمال ہوگیا

در مقصد چلتے ہی دربار گوہر بار سی — بو جہہ ہی مسکے نہ دامانِ قبائے صبح عید
جشن مین دست کرم کو دیکہکر گوہر افشان — ابر سمجہی خندہ دندان نمائے صبح عید
چل رہی ہی بزم رنگین مین نسیم دلکشا — کرتے ہین گلہای قالی خندہ ہائے صبح عید
زر فشانی سی طلائی ہو چلی بنیاد عیش — نقرئی اب نہ نہین سکتی بنائے صبح عید
نہی منکر کا جو دیکہئے در بزم عیش مین — بادۂ سرخ شفق فوراً چہلکائے صبح عید
شیر خالص ساغر خورشید مین آئے نظر — پنبۂ مینای گردون ہو ضیائے صبح عید
آب گوہر موج زن ہی بزم عشرت خیز مین — کیون کف دریا کی صورت بہ نجائے صبح عید
سرمہ گر در دہ پر نور اگر آئے نہ ہاتہہ — چشم اعمی کی سفیدی ہو ضیای صبح عید
یاسمن پیکر جو ہون گلچین بستان کرم — ساعد سیمین کو ہاتہہ آئے ملائے صبح عید
رایت عیش و طرب کا اوج آیا جب نظر — بڑہ گیا سدرہ ہی جبریل دعائے صبح عید
پیروی جس روز سی کرتی ہی خلق عام کی — ہم بغل ہوتی ہی ہر اک سی قبائے صبح عید
کیون نہو پر نور وہ شہر ہمایون جسمین — جلوہ گر خورشید منزل ہو بجائے صبح عید
بے طلب سرکار سی پاتے ہین سب اسباب عیش — ہاتہہ اوٹہا بیٹہے گی ہر شی دعائے صبح عید
دیکہہ لے خورشید منزل مین زری شوخی مگر — کس لگن پہرہ آفتاب اتنی برائے صبح عید
قابل تحریر اوصاف معلی کیا نہی — کیون رہی سادی بیاض خوشنمائے صبح عید
آب پاشی کا اگر ہو حکم زرین قصر مین — آتش خورشید مین چاندی گلائے صبح عید
منقبض اوس سی اگر ہو نہر باغ بے نظیر — پہر نہو لی یاسمن زار صفائے صبح عید
سایہ شاید پڑ گیا دیوار خسرو باغ پر — حسن شیرین سی بڑہا نور و ضیائے صبح عید
آتش گل شعلہ ور ہو اوس گلستان اگر — صورت سیماب ٹڈی سی کانپ جائے صبح عید
آئے پائے پیر گردون شبکو محفل مین اگر — نذر دی آئینہ گیتی نمائے صبح عید
مل گیا ہی جیسے سقف قصر عالی مین مقام — آشیانہ کو نہین جاتا ہمائے صبح عید

جبہہ سائی جسے کی ہو آستان پاک پر
دولت دنیا کا تاج سر ہی پائے صبح عید

مانگتا ہی کسلیے پیر فلک ملبوس خاص
مستحق اسکا نہین کوئی سوائے صبح عید

دیکھکر الوان نعمت کو ادیم فیض پر
نقل انجم خوان گردون مین چھپائے صبح عید

یون سوار یمین وان اسپ سبک رفتار ہی
جسطرح مستانہ چلتی ہو ہوائے صبح عید

نقش نعل اشہب الاجود یکی خاک پر
پیرہن مین نور کا کنٹھا لگائے صبح عید

وصف شبرنگ صبا رفتار یُول شاد ہی
صاف گفتاری سی پیدا ہو صفائے صبح عید

اشہب گلرنگ کے نقش قدم دیکھی اگر
تازہ پھولونسی قبا اپنی بنائے صبح عید

سایہ پڑجائے جو اس شبدیز خوش رفتار کا
سال بھر کی راہ سی دم بھر مین آئے صبح عید

فیل سرکار یکو دانتونکی بلائین کیون نلے
ابر رحمت تک بڑہی دست دعائے صبح عید

عنبر آگین سایہ کی شام جوانی ہو مرید
نرم رفتاریکی پیری ہو ہوای صبح عید

جُل نورانی مین پنہان فیل عنبر فام ہی
کعبہ کی پوشش نظر آئے ردائے صبح عید

پشت فیل خاص پر الماس کا خوشہ ہی لٹا
جیسے کوہ سنگ موسی پر ضیائے صبح عید

خطبۂ شکر عنایت پہلے اوپر فرض ہی
پڑہتے ہین جو لوگ تسبیح ثنائے صبح عید

نذر کا وقت آگیا مدحت طرازی ختم کر
چل سوی دربار ہمایُ ہوائے صبح عید

یا الٰہی تا ابد ہو دولت و عیش حضور
انتہا کا منہ ندیکھے ابتدائے صبح عید

خطبہ و سکہ مری نواب کا دنیا مین ہو
ہر طرف یہ مژدۂ نو لیکے جائے صبح عید

عمر خضر اقبال اسکندر عطا ہو عیش سے
نور بزم عیش ہو عشرت فزائے صبح عید

جو کہ ہون بدخواہ اس دولت کی انکی واسطے
غیر کا فور و کفن تحفہ نہ لائے صبح عید

دشمنون کو روسیاہی شام غربت کی ملی
خیر خواہونکی جبین پر ہو ضیائے صبح عید

ایسی جلدی مین کہا ہی یہ قصیدہ دی امین
کوئی اور آگاہ نہین اس سی سوائے صبح عید

آفتاب مشرق اسلام کا مداح ہون
ضمن مدح خاص مین کی ہی ثنائے صبح عید

آرزو سے سیکڑوں عید نوین دردین ۔۔۔ روزہ ہو طبع نجن سل آشنائی صبح عید

مدح والا کی قصیدہ کی لیف اسکو کیا ۔۔۔ ہوگئی صد شکر پوری التجائی صبح عید

دیکھیہ پائے صاف بندش اس قصیدہ کی اگر ۔۔۔ صاو کرنیکے لیے آنکھو نسے آئی صبح عید

قصیدہ در نعرا فیون رجوع بمدح بندگان عالی متعالی خصوصاً پونر خلد اللہ ملکہ

مشکین لیا ہر کون نے پی ہی وہ دلربا ۔۔۔ کاج ہمارا دوماغ ہے جسکی محل سرا

ننگی نہانے مین ہی وہ گلنار گون لیا ہر ۔۔۔ یون ہی نقا بدار سیہ پوش خوشنما

مکروہ طبع الہخرد اوسکی کم سنی ۔۔۔ پیری مین اوسکی قدر جوانی ہی ہی سوا

پیرانہ سر مین بیسکہ ہی محبوب خوش لقا ۔۔۔ للفل و جوان و پیر کی یکسان ہی آشنا

پھر کیون ہی وہ سیاہ پری فاق قلب کی ۔۔۔ چہرہ تو لعل کا ہی زمرد کے دست دیا

لیلی نہین سوار ہی محمل مین پر مگر ۔۔۔ مجنون نہین مگر وہ ہی مجنونسی باوفا

مجنون اگر نہین ہی تو کیون ہی وہ نا توان ۔۔۔ لیلی نہین تو کیون ہی سیہ خیمہ اوسکی جا

خسرو نہین مگر ہی وہ شبدیز پر سوار ۔۔۔ شیرین نہین مگر ہی شکر سی گران بہا

مشتاق جوی شیر ہی پر کوہکن نہین ۔۔۔ شیرین اثر مین اپنی ہی ہر تلخ ہی مزا

قبہ کو اوسکے گنبد افلاک جانیے ۔۔۔ ہر برج مین ثواب بیحد و انتہا

کعبہ تو وہ نہین ہی مگر ہی سیاہ پوش ۔۔۔ ہی اوسکے رنگ سی حجر الاسود آشنا

اوسکا لعاب تلخ ہی تریاق زہر غم ۔۔۔ صورت مین دیکھیے تو ہی خونخوار اژدہا

مارسیہ ہی پر ہی محبت مین بیمثال ۔۔۔ مہرہ کے بدلے اوسمین ہی امراض کی شفا

تکرار اوسکی نفی مین جسدرجہ کیجیے ۔۔۔ پھولے شگوفہ گلشن اثبات اصل کا

وہ مشک ہی کہ نافہ مین اپنی لہو نہین ۔۔۔ نکلے جو اپنی نافہ سی ہو خون جان فزا

لب تشنہ اوسکی وصل کے پیران خصوص ۔۔۔ ظلمت مین وہ نہان صفت چشمہ بقا

وہ مشک ہی کہ ناف ہرن ہی دوری ہی — واقف نہین ہی اوس سے کوئی آہوی ختا

یہ شب ہی حالہ شفق لالہ رنگ سی — اس شام کی نقاب مین خورشید ہی چھپا

اسکی محل کے برج سی ظاہر ہین طرفہ رنگ — گاہی سفید صورت دُرِ گران بہا

ہی گاہ کان لعل بدخشانکی طرح سرخ — رنگ حنا و خون کبوتر سی خوشنما

مانند خال حور ہی عالی دماغ تر — اہل حبش کیطرح ہی وہ صاحب وفا

ہی بیگناہ پر یہ تعجب کی بات ہی — اسکا ہی پست کھینچتے ہین اسکی آشنا

مثل زحل ہی پر وہ نحوست سی دور ہی — داغ قمر ہی پر وہ نہایت ہی خوشنما

اوسکے لباس کو مین اگر عنبر کہون تو گا — تو گا کو بحری آب بقا مین کری شنا

دیدیتی ہی سیاہ تلون کو یہ شکست — یکرنگیونکی فوج مین ہی صاحب لوا

تحفہ سپر ہی خنجر اور رام و درد کی — مرطوب طبع کے لیے ہی افضل الدوا

صبر ثبات و حلم و تحمل مین ایک ہی — زہاد و قانع و متوکل کے آشنا

آفاق مین ہی دایۂ اطفال دل ہی — زہر الم کیواسطے تریاق جان فزا

پستانمین اوسکی زخم نہ جبتک لگا جائے — ایک قطرہ دودھ اوس سے نہ جاری ہو مطلقا

القصہ اس ہی حضرت انیون مراد ہی — آہلا لنا وکشاہ اللہ دایما

لاتی ہی یہ خبر سخن نا شنیدہ کی — راہ ندیدہ مین یہی ہوتی ہی رہنما

مضمون اگر ہو بال تو یہ موشگاف ہی — گو گرد سرخ یہ ہو جو معنی ہون کیمیا

ہلکے دو اسپہ کوچہ بہین اسطور مین — لیجاے کوئی لفظ مین مانند مدعا

غواص بحر فکر سخن ہم تو ہین مگر — یہ خضر سان وہان بھی ہی ہر وقت آشنا

لاتی ہی تحفہ تحفہ لا آتی بے نظیر — دیتی ہی چیدہ چیدہ یواقیت خوشنما

آگے تو کرتی تھی یہ کرم بیحال پر — دیتی تھی صبح و شام مری لکا مدعا

خدمت کیواسطے تھی کمر بستہ پیشکار — شب و شکر کیطرح تھی باہم یہ آشنا

سکوت انفعال جرم کا ہرزہ شاہ ہی
ہوا شکیبا کی گندم نما جو فروشی کرتا ہی

مین اب یہ غزل اخیر کرتا ہون جو مطلع آخر ہی
کہ جو مصرع ہی آویزہ گوش ناہوش آخر ہی

غزل

ترقدمین سیل اشک نے پیدا کردیا
سوتے کو خواب گل سے بیدار کردیا

زنگ آئینہ کا عکس نے گلزار کردیا
شاداب تنے سبزہ زنگار کردیا

کھوئی ترے پسینے کی بوندون نے عنا
مشک اچراغ شعلۂ رخسار کردیا

کاجل نے زیر لب سوفا کردیا
کن بلیون نے دل کو تہ و بالا کردیا

گلگون لب نے کی ہی زبان مین گرہ تمام
تو نے کہ ذرہ ذرہ کو گویا کردیا

فکر سخن نے بہر مضامین بت تراش
بیدار کردیا

باتون مین

حلوائے تحفہ تحفہ مرا بہ قسم قسم	مرغوب تھا فواکہ و لوزات کا مزا
نغمائے نیوی مین جو ہمنی کیا خیال	حقہ لطیف اسکو نہایت پسند تھا
اک بار اسنے ترک ملاقات ہمسی کی	ملتی نہین ہی کرتے ہین ہم لاکہ التجا
اب عار جانتی ہی یہ ملنا منیر سے	مغرور ہوگئی ہی نہایت یہ بیسوا
ہان منہ لگی ہی لالہ باغ حضور کی	جنکا غبار راہ ہی بچشم توتیا
زینیدہ و سادہ ایوان سروری	رخشندہ کوکب فلک عز و اعتلا
کیا مدح غائبانہ سی تسکین ہو منیر	مطلع پڑہون حضور معلی مین دوسرا

مطلع

جب ہون حضور زیب دہ مسند ضیا	زلف پری ہالئے نگس ان چنور ہا
دریاے فیض خاص اگر آئے موج پر	دن رات آب زر مین چلے کشتی گدا
پہیلین جو آفتاب کرم کی تجلیان	دولت کے رہنے کو ہے سایہ ہما
کنعان دل مین مصر عطاے حضور سے	لاتی ہی بوے پیرہن یوسفی ہوا
حاتم کے ہوش اوڑا دیے ہمت سے اسطرح	اوڑہا جاے جیسے رنگ رخ صاحب خطا
دریا کی قدر گہٹتی ہی یون پیش دست فیض	جسطرح روی سفلہ سی ہو آبرو وجدا
زینت فزاے دیدۂ حق بین ہی یون نگاہ	جسطرح پاک نیت پیران پارسا
کہمین قدم حضور جو فرش خضوع پر	جمشید کی ہو چین جبین موج بوریا
اخلاق دلمین ہی تو مروت ہی آنکہ مین	تقریر مین فروغ طبیعت مین ہی صفا
خوشبو ہو جیسے عطر مین پہولون مین جیسے	موتی مین جیسے آب ہوا آئنہ مین جلا
مہر کرم کرا گاہی یون مہر منیر و زر	جیسے ضعیف سامنے خورشید کے سہما
سنلے جو یہ کہا نہہ مین کہتے نہین حضور	سونا بنانے سے ابھی نائب ہو کیمیا
خوف خدا سی رہتی ہی نم چشم پاک مین	اطفال اشک کیون نہون پیران پارسا

ابرِ کرم کی صدقہ مین ہوتی ہی سرخرو ۔۔۔ ساون مین رنگ لاتی ہی اسواسطے حنا

کافور صبح عیش کی ازبس ہوا ہی سرد ۔۔۔ ہی پوستین پہنے ہوی مشک دایما

غماز اسیر ہوتے ہین حکم حضور سی ۔۔۔ یہ بندوبست اگر ہی تو بند بجا گیی ہوا

وہ شی بھی ہی کہلی ہوی فہم حضور پر ۔۔۔ تقدیر اپنی دل سی کرے جسکو اختفا

سن لینگے آپکی جو مسافر نواز یان ۔۔۔ میری طرح کرینگے مہ و مہر التجا

سرکش جو مدح خاص سی ہو شاہیان ۔۔۔ ہرگز نہو خبر سے ہم آغوش مبتدا

اوڑجای صفحہ سامنے سی مثل صبح دل ۔۔۔ تحریر اگر کرو نمین کچھ اوصاف باد پا

گرد سم سمند جو ہوا وسکو دستیاب ۔۔۔ مثل دم مسیح فلک سیر ہو ہوا

لے آون اوسکی وصف جو ماضی سی حالمین ۔۔۔ عمر گذشتہ خلق کی پہر آیے جا بجا

اوج رکاب خاص سی آتا اوسے نظر ۔۔۔ کرتا ہلال صورت محراب انحنا

ہی موتیونکی جھول مین فیل فلک شکوہ ۔۔۔ تارونکو سانتہ لائی ہی برسات کی گھٹا

چوڑی جڑاؤ دانتون پر اوسکو ہی ڈالدی ۔۔۔ جوشن پر بکتر بازو و پر جیسے خوشنما

شمشیر فتح آپنے کہنچی ہی جسطرف ۔۔۔ جلوہ ہلال عید کا پیلا ہی جا بجا

سر دشمنونکی فرش نہوتے جو راہ مین ۔۔۔ تلوار معرکہ مین نہ چلتی برہنہ پا

اللہ ری عبارت رنگین حضور کی ۔۔۔ ہر صبح صفحہ ہی شفق اندودہ حنا

جب دیکھ لی ہی گوہر حسن بیانکی آب ۔۔۔ منہ مین صدف کی پانی بہر آیا ہی بارہا

تحریر مین جو آپ کو اخفا پسند ہو ۔۔۔ موی کمر کی گانٹھ مین ہو نقد مدعا

منظور ہو جو شرح غوامض حضور کو ۔۔۔ ہون نقطہ دہان بتان شمس فی السما

دربان ہی حضور کے جو ہم بغل نہو ۔۔۔ آغوش دلبر اوسکو نہی کامران وہا

خازن ہی مال پاک کی اکسیر اسطرح ق ۔۔۔ جامع ہین خلق خاص کے یون نکت و بصا

تحصیلدار فیض ہین جسطرح بحر و کان ۔۔۔ تحویلدار عطر ہی جس طرح موتیا

لکیونکر نہ قدر اہل سخن کی کریں حضور
پہچانتے ہین رتبۂ دُرِ گران بہا

جوہر شناس معنی و مضمون حضور ہین
تازہ نگہ ہی آب لآلی سے آشنا

حج کرکے آئے قبلۂ عالم ہزار شکر
ہندوستانیون کعبہ کی چلنے لگی ہوا

افضل ہی حج حضور کا اہل کرم سے یون
سب مسجدون مین جیسے ہی کعبہ کا مرتبا

کچھ میری پاس نذر کے قابل نہین مگر
تحفہ ہی اس فقیر کا سرکار کی دعا

عمر خضر نصیب ہو بخت سکندری
نواب کی شریک ہی نصرت خدا

قصیدہ در مدح نواب محمد کلب علیخان بہادر ادام اللہ اقبالہم اجلالہم فرماتے ہین حسب

رت ہی برسات کی بہت پیاری
موج زن جھیلین مین یان جاری

بدلیان چھارہی ہین گردون پر
زرد اودی سنہری زنگاری

بجلیون کی چمک مین ہی چھل بل
جیسے قصان بتان فرخاری

کیا ہری دوب جنگلون مین ہی
سبز مخمل سے بھی سوا پیاری

ہر طرف کھل رہی ہین گل بوٹے
جنسے شرمندہ باغ کی کیاری

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائین چلتی ہین
لہرین لیتی ہین ندیان ساری

شفق سرخ رنگ لائی ہے
لالہ گون ہی سپھر زنگاری

ننھی ننھی برستی ہین بوندین
روح پر ہوتی ہی خوشی طاری

کوئلین طاؤس
اپنی تانین سناتے ہین پیاری

قازین مرغابیان بطخین سرخاب
جھیلون کے ساتھ کرتی ہین یاری

کہیت دہانون کے لہلہے شاداب
کر رہی ہین نظر کی دلداری

عکس طوطی ہو جیسے آینہ مین
پانی اوپر ہی اسطرح جاری

سوندھی سوندھی زمین کی مٹی
بھینی بھینی چمن کی بو پیاری

سیر مچھی بہون کی چلکر دیکھہ — کیا نمایان ہی قدرت باری
ہنستی پھرتی ہین باغ مین یہان — نہر یا جوی شیر ہے جاری
منہدیون سے ہتیلیان گلنار — ہاتھون مین دہانی چوڑیان پیاری
پہنے ہین رنگ رنگ کے جوڑی — دست نازک مین پانہچی بھاری
جادی جھومن کی وہ پری تانین — قطع تمی کے پٹیون کی نیاری
چست وچالاک شوخ اناتی جان — گفتگو مین بلا کی عیاری
خود نمائی انمام باندی کی — سادگی مین بھی اک طرحداری
گانے مین تو لیے جو گوکی کو — ہوی سیر ہوش فوپر بہاری
دلی والی اسیر جان نے بھی — پائی گانے مین سبکی سرداری
کھمبے چاندی کے ریشمی جھولے — ساز عشرت کی گرم بازاری
طبلے سارنگیان ہین ہم آواز — گونجتا ہی سپہر زنگاری
گا چکی ہین منیر کی غزلین — اب ہی ساون ملار کی باری
پکتی جاتی ہین پوریان پکوان — تحفہ تحفہ مٹہائیان ساری
سنگ مرمر کی ہی جو مہتابی — اوسمین ہی رونق سمن زاری
چاندی کے چوکٹے سی آینہ سان — صورت عیش کی نموداری
نغمہ پرداز اوسجگہ ہین جمع — اونکے گانے کی آئی ہی باری
دھرپتون مین اسیر خان یکتا — بین کاری مین ہی فسون کاری
ہی بہادر حسین خان کے سبب — بار بد پر بہی بیخودی طاری
ختم اون پر ہین سرسنگار رباب — ہاتھ کے قبضہ مین ہی طیاری
سحر یا قدر علی کے گانے کا — رشک ایمان بلبل و ساری
بل بے نازک خیالیون کا حسن — اف ری جادو نوائیان پیاری

مختصر مضمون فغانی نے پہونکر یا
خضر کے سر کو حباب بحر فانی نے پایا
بے بساط استقبال یام شباب
سایہ مور کو مین شاخ جوانی نے پایا
کسی گلرو کے تعلق مین گئی ہے
شیشہ شادی کی مین پیمانہ ہاتھ
کان کہنکہ نہ سنی ہے
صفت انگیا کی وہ پہاتی نے
اول روز ہی ابتدا نشہ ہستی کو
شفق صبح ازل کو سے فانی نے
تو جو جاگے نہ پہرا ضعف ہو
ہاتھ کو دے فانی نے

دلربا نغمہ رحیم اللہ — نغمہ سنجی مین خوب اثر داری
ہی کہان موج مین یہ ہوم ہمو دہلو کی — ہند سے تا بہ آمل و ساری
طاق سارنگیو نمین حیدر بخش — واہ واہ کرتی ہی سبھا ساری
بھانڈ و نکی نقلون پر چمن کہپو — ہنستی ہین مثل کبک کہساری
نقل ہر ایک ہی مطابق اصل — رنج و غم پر بھی ہی ہنسی طاری
پر مین افیون پیکے بیٹھا ہون — طبع پر فکر شعر ہی طاری
ہاتھہ آتا نہین کوئی مضمون — ذہن کرتا نہین مدد گاری
روے خورشید ہو گیا پنہان — شام نے کھولی زلف طراری
منہہ برستا ہی مین ہون کمرے مین — شمع روشن ہی رات اندہیاری
خامہ و کاغذ و دوات و کتاب — دل مین فکر آنکھو نمین ہی بیداری
ناگہان کھل گئی مری قسمت — بار غم سے ملی سبک باری
دیکھتا کیا ہون شاہد و معنی — محو ناز و ادا و طراری
شفقی ہونٹہہ چمپئی رنگت — سُرمئی آنکھین ڈورے گلناری
لغزش برق و جلوۂ طاؤس — چال رفتار کبک کہساری
پانچے ناز سے اوٹہاتے ہوے — عرق شرم جسم سے جاری
کچہہ رکہائی ہی کچہہ لگاوٹ ہی — چتونون سے عیان ستمگاری
آنکھین بہر الگین تحیر سے — دل پر اک بیخودی ہوی طاری
اوٹہ کے افتادگی نے کی تسلیم — پاے بوسی نے کفش برداری
خاکساری نے فرش کی آنکھین — سرنے کی پاؤن کی پرستاری
ہاتھون نے دوڑ کر بلائین لین — دل نے کی بڑہ کے منت و زاری
عجز نے دور کی خوشامد سے — بدمزاجی غرور کی ساری

پہر گئے گالیونکے تیر اولٹے — جب خموشی نے کی سپرداری
ہو گئی کند تیغ استغنا — دیکھہ کر ضبط کی جگرداری
بیگناہی نے گرد پیر پھر کر — خفگی کو بھی کر دیا عاری
بل نکالے بھوون کی منت نے — کی نیازون نے ناز برداری
کچھہ نصیحت جو کی غریبی نے — دل مین وڈر گئی ستمگاری
جیت لی التجا نے کھل کھلکر — شرم بیجا سے شرط خودداری
گور کہائی نے اوسکو بہڑکایا — پر لگاوٹ نے کی طرفداری
رحم نے کچھہ مری سفارش کی — کچھہ مروت نے کی مددگاری
خلق نے آنکھہ دی تبسم کو — خوش مزاجی کی آگئی باری
بخت خفتہ سے آئی ملنے کو — اوسکی ٹھوکر کے ساتھہ بیداری
کچھہ کچھہ آنکھون مین جب طلوع ہوئی ق — شب مستی سے صبح ہشیاری
مینے پوچھا کہ ای مہ بے مہر — فلک عالم جفا کاری
خاک چھنوا رہی ہے عالم مین — شعرا کو تری طلبگاری
کون سے برج مین ترا گھر ہی — کس فلک پر ہی شوق سیاری
جنسکے اوس بت نے یون جواب دیا — لب شیرین سے کی شکرباری
مین ہون اون شاعرونکی حدمت مین — جو کہ نواب کے ہین درباری
دیکھہ تو راسپور کی برسات — کیا نمایان ہی قدرت باری

تعریف خسرو باغ

رنگ پر ہی بہار خسرو باغ — غیرت طاق دیس ہر کیاری
زر گل رشک گنج باد آورد — طاق کسری ہو قصر سرکاری

نہر دانی بار بد سی سوا	نغمہ عندلیب گلزاری
لب شیریں سے ہر ثمر میٹھا	نہر یا جوی شیر ہے جاری
نور کا دایرہ ہی یا جل ہیج	کرتی ہی موج جسکی پرکاری

وصف باغ بے نظیر

کیا کرون باغ بے نظیر کا وصف	جس سی ظاہر ہی قدرت باری
چھوٹین آٹھون بہشتونکی جھلک	دیکھہ پائین جو چار دیواری
عطر مجموعہ کی زمین تمام	گرد خوشبو سی مشک تاتاری
رنگ ہر پھول سی ٹپکتا ہے	شاخ ہر گل بنی ہے پچکاری
اوسکی کوٹی کی کیا بہار کہون	کی ہی رضوان نے جسکی معماری
دل عارف کی طرح کمرون مین	روشنی نور حق کی ہی ساری
دامن گل کے پھیلنے مین ہے	شفق حرخ کی نمود اری
کہین گھونگھٹ مین ہی عروس بہار	کہین مثل بتان بازاری

تعریف شہر

فصل بارش مین شہر پاکیزہ	ہی زمین آئینہ صفت ساری
ہر سڑک کہکشان گرد و لنسی	حسن و خوبی مین ہی سوا پیاری
شہر مین بے تلاش ملجائے	جسکو جس شی کی ہو طلبگاری
ایک ہی شی یہان نہین ملتی	جسکو کہتے ہین لوگ ناداری
ہی مربع سے بڑہ کے ہر بازار	ہر گلی کوچہ باغ کی کیاری
نور تر پولیہ کا چار طرف	چاندنی چوک مین ضیا باری

تعریف عمارت خاصہ

کیا عمارات خاص کا ہو وصف — جنسے شرمائے چرخ زنگاری
چوکھٹا جیسے آئینہ کا ہو — ایسی ہی عمدہ چار دیواری
خوشنما ہین عمارتین عالی — در و دیوار پر طلاکاری

تعریف خورشید منزل

وہ جو خورشید منزل ایوان ہی — جسکے خادم ہستانِ فرخاری
فرش پردے چقین جواہر دوز — کمرے کمرے مین مسندین بھاری
بامِ عالی کی نور افشانی — در و دیوار کی ضیاباری
چاند نور اقتباس کرتا ہی — صبح کرتی ہی آئینہ داری

تعریف دیوانخانہ

ہی وہ دیوانخانہ نور افشان — انتہا کی ہی جس مین طیاری
شیشہ آلات جھاڑ نورانی — طور کی جنمین روشنی ساری
کنول اوترا ہوا ایمان کا ہے — شیشۂ آسمان زنگاری
آئینہ صبح عید سے بڑھکر — جن سے عشرت کی ہی نموداری
ہمسران آئینو نسے کیا ہو مہر — کہ یہ نوری ہین اور وہ ناری

تعریف تصویرات

کیا طلسمی پری ہین تصویرین — سونے چاندی کے چوکھٹے بھاری

برق تاباں سے بھی نہ جھپکی آنکھ
بل بے خود بینی آف ری خودداری

بولتی ہی تمین ہو نخوت سے
کیجیے لاکہہ منت وزاری

کارچوبی ہین مخملی پردے
فرش چشم بتان فرخاری

سامنے اسکے فرش کے گلزار
اگلے وقتون کی جیسے پھلکاری

پائے مخمل نہ خواب مین وہ شے
دیکھی جو کچھہ میان بیداری

پرطاؤس کی ہی چھت رنگین
طرفہ مینائے تحفہ گلکاری

شہ نشین ہو سجی دولہن کیطرح
حورین کرتی ہین آئنہ داری

سونے کی کوچین کرسیان چھپین
چاندنی دھوپ ہو گئی ساری

مچھی بھون

قصر مچھی بھون کا کیا کہنا
ہی اوسی مین جلوس سرکاری

صحن بام خورنق اوسکا ہے
قصر نعمان سے بڑہ کے طیاری

سندی یہ فسانہ سن سنکر
سن ہوئی صنعت سنمّاری

سائبان اوسکا ابر نیسان ہی
رات دن رہتی ہی گہرباری

سرزمین بوسہ گاہ عالم ہی
سجدون کے نقش سی ہی گلکاری

اپنی جاگیر اسکو جانتے ہین
تاج اقبال وچتر سرداری

خانہ زاد وتمین اس محل کے ہین
کشور آرائی وجہانداری

شقّون مین یہ مکان لکھتا ہی
عرش اعظم کو رفعت آثاری

بام پر سے جو اوڑکے جاوین ملک
پاسبان اونسے لے گنہگاری

جلوہ گر اسمین رہتے ہین نواب
نور افشان ہی قدرت باری

مشتری طلعت وسپہر شکوہ
تیرا اعظم نکو کاری

فیض بخش زمانہ ابر کرم — زینتِ مسندِ جہانداری
قبلۂ خلق حاجیِ حرمین — کعبۂ شرع عرش دینداری
حامیِ دین و ناصرِ اسلام — فخر دارائی و جہانداری
علم و عقل حضور کے باعث — روشنی ہی جہان مین ساری
مشکل ہر کتاب ہو آسان — سہل ہر مسئلہ کی دشواری
کیا پڑہین اپنی نثر مین اہل زبان — سنکے حضرت کا وصف نثاری
جیب یوسف کے آگے کیا کھولے — کوئی نادان دکان عطاری
بخت و دولت ہیین کے مجرائی — علم و حکمت ہیین کی درباری

تعریف علما

علما ایسے نامور ہین یہان — جنکی مداح خلق ہی ساری
سب ہی افضل جناب عبدالحق — قبلۂ عالم نکو کاری
حکماے فلاسفہ کو بہی — فخر ہو اونکی کفش برداری
مفتیِ بے نظیر سعد اللہ — فقہ و منطق مین قدرت باری
حضرتِ مولوی مسیح الدین — کرتے ہین شرع کی مددگاری
صاحب ارشاد ہین سمی حسین — اونسے دریاے فیض ہی جاری
نور حق مولوی سدید الدین — آیۂ مصحف نکو کاری
چمنِ علم حق ریاض الدین — کرتے ہین عرش حق کی سیاری
نام عبد العلی و لے نبیؐ — جہل کی دور کردی بیماری
وصف عالم علی و نور نبےؐ — جسم و انس مین مثل جان ہماری
کیا حسن شاہ کیا ظہور الحق — دونون پر رستم ہی نکو کاری

اطبائے سرکاری

وہ اطبا ہین عیسوی اعجاز — نام سے جنکے بھاگے بیماری
فرد یکتا حکیم ابراہیم — کرے بقراط جنکی عطاری
فاضل و متقی علی حسین — چین پاتے ہین او نسے آزاری
ہین محمد حسن طبیب متین — حفظ ہو انکو مصحف باری
میر مہدی حسن رضا کے سوا — حکمت اللہ طبیب سرکاری
طبع مرزا علی نقی کو ہی — فن طب مین کمال ہشیاری
ہی کرامت علی کو بھی حاصل — اسی فن مین حضور سرکاری

شعرائے سرکاری

مجمع شاعران نامی ہی — شاعری کی ہی گرم بازاری
بحر منشی اسیر اور امیر — ہمر انوری و مختاری
طبع پاک عروج و داغ سے ہی — منفعل ابر کی گہربار
ہی جلال و حیا و شاغل سے — محفل نظم جلوہ گر ساری
مثنوی مین صبا و خواجہ بشیر — رونق شاعری و نثاری
بدر شاد ان عنین غنی ہر دم — رہتے ہین مدح خوان سرکاری
فارسی گو نثار شیرازی — ترزبانی مین ابر آزاری
فن تاریخ مین رسا منصور — جان صاحب کی رنجتی پیاری
سب سے بڑہ کر منیر کو حاصل — بیکمالی و ہرزہ گفتاری

تعریف خوشنویسان

خوشنویسونکی کیا کرون تعریف | بخت خط کو ہی جنسے بیداری
سب کے سید عوض علی اوستاد | خوشنویسی اونکی مدح مین عاری
ہی خط قسمت سکندر سے | اونکے خط کی سوا نمو داری
مرتضی ناصر و الہی بخش | سہل کرتے ہین خط کی دشواری
پھر کریم اللہ و سلیم اللہ | کرتے ہین باغ خط مین گلکاری
فتح مین مشتہر غلام رسول | خط مین قاضی کی شان ہی ساری

حفاظ

حافظون کا شمار حد سے فزون | شرح کرنے مین حد کی دشواری
نامور ہین بہت قرارت مین | سب سے اعلی علی حسن قاری
کہتے ہین اور صنعتو نمین بہی | قاری آغا علی نمو داری
الغرض ہین تمام اہل کمال | صاحب منصب نمکخواری
عمدہ شطرنج باز و گنجفہ باز | جان و دل سے مطیع سرکاری
نامور پہلوان بکثیت و بہکیت | جنسے آگاہ خلق ہی ساری
رشک مانی مصور و نقاش | جنسے تصویر پا ہی جانداری

قطعہ

جو ہین چوسر کے کہیل مین مشاق | چالین معلوم جنکو ہین ساری
فرد فرد اونکے نام اگر مین لکہون | یہ قصیدہ ہو جنگ سے بھاری

تعریف عدل و سخاوت

جنس کا سد ہی عہد کسری ہی | عدل کی ہی وہ گرم بازاری
ایک ہی گھاٹ پانی پیتے ہین | شیر ہندی غزال تاتاری

رام پور آج کیون نہو آباد — اوسکے طالع نے پائی بیداری
کوئی آنکھین نہین چور سکتا — چور بھولے ہین اپنی عیاری
کیا کرون انتظام کی تعریف — سب سے بہتر ہی یہ عملداری
ہوتے ہین طے مقدمہ حق حق — نہین ہوتی ذرا طرفداری
اہل بازار تک ہین با ایمان — نہین کرتے ہین کچھ کاندای
لوگ لیتے ہین کوڑیون کو مول — عیش وعشرت ہی جنس بازاری
وصف لکھون اگر عداوت کا — خامہ کرنے لگے طلاکاری
بزم اقدس مین دود شمع چراغ — دُرفشان جیسے ابر آزاری
جو پہنچے حال سامنے آیا — اوسکو خلعت دیے بہت بھاری
دور تک آپ کا ہے فیض محیط — کہتی ہی خلقت خداساری
حاضران را کجا کنی محروم — تو کہ باغبان نظرداری
جھولیون بھر کے پاگئے دولت — ہی فقیرون کو زر زرداری
عہد حضرت مین زمینون کو لیے — فرش ہی آسمان رنگاری
حکم سرکار سے ہی شہر بدر — ظلم فتنہ جفا ستمگاری
بہر فراشخانہ دو الا — چرخ ہے فیل بار برداری
کاٹ دے دم مین شیر کا چورنگ — اک نگاہ عتاب سرکاری

وصف شمشیر

آپ کے ہاتھ مین ہی وہ تلوار — جسنے بجلی کو کر دیا عاری
موت کے آنے کو ہی دروازہ — زخم اسکا جسے لگے کاری
نام اس برق کا ہی دشمن سوز — کام اس ابر کا ہی خونباری

سخت پتہر ہی اسکے آگے یون | جس طرح کوئی نرم تر کاری
گہاٹ سی اسکے گھٹ گیا طوفان | باڑہ سے بڑہ گئی ہی خونخواری

وصف اسپ

ہی سواری مین کیا پری گہوڑا | خوشخرامی مین کبک کہساری
کر رہی ہی صبا چنور اس پر | بوی گل کرتی ہے جلو داری
بجلیان گرد راہ سے چمکین | جو دکہائے یہ گرم رفتاری
اک اشارے مین جای تا بفلک | اس سے سیکہین نجوم سیاری
اسکے چلنے مین فرش ہوتی ہی | اطلس آسمان زنگاری
شر نعل فرش سی اوڑ جای | مثل بارودت رات اندہیاری
ہی مہ نو بہی نعل در آتش | دیکہہ کر اسکی گرم رفتاری
عرق افشان طلب مین گذری گر | آب آئینہ ہو یہان جاری
چلے اوس بادشاہ کا سکہ | پاے جو منصب جلو داری

تعریف فیل

کیا کرون فیل خاص کی تعریف | ہی یہ خوشبو مین مشک تاتاری
سونڈ کالی سفید دانتون مین | چاند دو ایک رات اندہیاری
دانت دیکہہ جڑاؤ چوڑیون مین | شان خوبی دکہاتی ہین ساری
جیسی ہیر کے کنگنون مین ہون | گوری گوری کلائیان پیاری
لال سیندور اسکی ستک پر | غیرت لالہ زار کہساری
دوستون کے لیے ہی ابر بہار | دشمنون کو یہ رات ہی بہاری

تعریف فوج

ہر سوار و پیادہ برق مثال — کیا کہون فوج کی مین طیاری
وردیان تحفہ خوشنما ہتہیار — ہی قواعد کے فن مین ہشیاری
افسر ایسے ہین جنسے خود میرخ — سیکھتا ہی فن سپہداری
ساتھہ اس فوج کے ہی یون رستم — تھک کے جاتا ہو جیسے بیگاری

خاتمہ

ہو نہ جائے قصیدہ طولانی — ای منیر اب دعا کی ہی باری
ہو خداوند کا فزون اقبال — ہے افضال حضرت باری
عمر لاکھون برس سے بھی ہو سو — ہون سلاطین عصر در یاری
عیش و آرام و دولت و حشمت — کرین سرکار کی جلو داری
سرفرازی ہو دوستون کے لیے — دشمنون کے لیے نگونساری
اوسکا بدخواہ ہو تمام جہان — جو نہو خیر خواہ سرکاری
یا الٰہی نمک حرامون کو — آب تیغ اجل بھی ہو کھاری
مدح لایق مین کر سکون کیونکر — ناتوانی ہی اور بیماری
ہر گہ سبز ست تحفۂ درویش — بذلہ گوئی نہ نغز گفتاری
ہے مداح پر نگاہ کرم — کہ ہی ان روزون رنج سے عاری
ای منیر این قدر مباش ملول — کہ ولی نعمتی چنین داری

قصیدہ بمدح یلمنی مان یکتائے دوران مخدومی ملا دی جنا

جناب مولوی منشی احمد حسن خانصاحب بہادر عروج ادام اللہ فضلہ

غزل

۹۷

ہمارے آئی نجات کی باری — کھل گیا عقدۂ گرفتاری
ہمکو منصب ملا رہائی کا — قید کو جا ملا دلبکاری
پاؤنکو چھوڑ بھاگے مار دوسر — سر کو پشتارۂ گرانباری
کوچ ٹھہرا مقام غربت سے — اب وطن چلنے کی ہی طیاری
رخصت ای دوستان زندانی — الوداع ای غم گرفتاری
الرحیل ای مشقت ہر روز — الفراق ای ہجوم ناچاری
دال نی عین ای کتابت قید — گاف میم ای حساب سرکاری
دال چاول سے کہدو رخصت ہون — پانی مین ڈوبے یہ نمک کھاری
ہمجلیون سے کہو کہ ہنکے سڑین — گھاس کھودے یہانکی ترکاری
چینی بر ہما للائی مدراسی — اہل آشام جنگلی تاتاری
اپنے دیدار سے معاف کرین — اپنی باتون سے دین سب بکباری
کاغذے پانی سے ہوتے ہین رخصت — اشک شادی ہین آنکھونسے جاری
بیٹھتے ہین جہاز دودی پر — اوٹھتے ہین لنگر گرانباری
کرم ای خضر المدد ای نوح — رحم ای فضل حضرت باری
السلام ای خروش بحر محیط — السفر ای سفینۂ جاری
زاد راہ سفر توکل ہے — رہنمائی کو اوسکے غفاری
سامنے ہر طرف سمندر ہے — سایۂ آسمان زنگاری
ہمسفر قافلہ ہین موجونکے — خضر و نوح کو ہی سالاری
جام بلور ہر حباب مین ہی — عکس خورشید کی طلاکاری

غزل

تیز پشتِ نہنگ کا آرہ — تختہ ہائے جہاز بہی عاری
خشک ہی خون نخل مرجانکا — موج دریا کی نبض منشاری
کیسۂ ہر حباب کو حاصل — فلس ماہی سے فیض زرداری
دن کو خورشید کی زر افشانی — رات کو اوس کی گہرباری
بحر اخضر کی پستیٔ رنگت — فلکِ سبز کی ضیا باری
اسطرف فرش اطلسِ آبی — اوسطرف سائبان زنگاری
پانی کے اوٹھتے ہین بلند پہاڑ — اوسپر آتی ہی موج کی باری
پانی پر چڑہ کے پانی بہتا ہی — قدرتِ حق کی ہے نموداری
بحر اسود کی شورہ پشتی سے — لطمہ کو دعوی سیہ کاری
بل بے شور آتشین سفینہ کے — اُف رے پہیونکی گرم رفتاری
ناخدا و معلم و ملاح — چست و چالاک محو ہشیاری
ابر و باران و موسم طوفان — یا علی ہر زبان پر جاری
شوق باد مراد کا ہر دم — خوف طوفان سے دلکو بیزاری
نکلے دریاے شور سے صد شکر — بحر شیرین کی آگئی باری
نظر آیا سواد کلکتہ — شکر ہی شکر حضرت باری
سیکڑون آگ بوٹ اور جہاز — حسن دریا کی گرم بازاری
جیسے زلفِ پری دمِ پرواز — لٹ دہوئین کی ہوا مین بوباری
بادبانِ سفید جلوہ کنان — دامنِ صبح کی صفا کاری
ہی ارادہ کہ فکر شعر کرین — تاکہ ہو دور رنج بیکاری
بسکہ برسون سے ہاہون نہ ہین — بہولی قصہ سخن کی معماری
اجنبی ہین دل و دماغ اس سے — فکر کو بہی ہی عذر خماری

ذہن کہتا ہی نارسا ہون مین — حافظہ پاے بند بیکاری
دل کو کرتا رہا برابر خون — چند روزون رہی جگرخواری
ایک مضمون بھی نہ ہاتھ آیا — فکر کرکر کے ہوگیا عاری
ناگہان میری عقل نے کہا — کیون اوٹھاتا ہی رنج بیداری
اب کہان وصل شاہد مضمون — ہوچکی پہلے گرم بازاری
ہی جناب عروج مین اوسکو — شرف منصب پرستاری
شعر کیا جتنے ہین کمال وعلوم — سبکے سب ہین وہین کی درباری
ہی اوسی کشور فصاحت مین — رتبۂ سروری وسالاری
وہ مسیحای آسمان سخن — جہل کی جسنے کھوئی بیماری
نظم کرا ایسے دوست کی اوصاف — ہی اگر تجکو دعوے یاری
شعر کہیہ قرض لے صباحی سی — توجو ہو اوسکے وصف مین عاری
اے جہان سخن مسخر تو — گرچہ منسوخ شد جہانداری
سرنگون گشت رایت فصحا — باوجود تو درجہان آری
داد مولود مصطفے بحرم — عزی ولات را نگونساری
بتو آورد مے خود ایمان من — کز سخن معجز عیان داری
خوشنو لیسو نمین تو یگانۂ عصر — لوح دل پر ترا قلم جاری
گرد راہ سمند خامۂ خاص — نقرۂ صبح کی ہی اندہیاری
پرتے شبدیز خامہ کو در ذرات — صفحہ دیتا ہی کار مضماری
فلک باریک پر ترے فایق — کیا ہو دست عدو کی طیاری
اسپ لاغر میان بکار آید — روز میدان نہ گاؤ پرواری
خوب تونے دو اسپہ طرح کی ہی — کشور ناظمی و نشاری

صدقے مین اے تروانے کو منگوائے ہے بندہ
ای جان مین پتا ہون غم فرق کا تیرے
شبنم کیطرح روتے ہی اور کرتے ہی فریاد
کرتی ہین مگر جال ہی سو رحمی کرنا
ہو نام مرا میر سے نقطہ مضامین
شاگرد ہو تیرا جو کرے نقد سخن کا
بیجا ہی شکایت جنت مین میرم اوسکو
جو عاشق صادق ہی حسین اور حسن کا

غزل

راہ کرکے کہان تم گئے ہو
جان کر اون سے ہم نے کیون بات کہی
ای ہمدم مجکو بات کا کہنا
ہوگی اسمین ضرور کچھ خوبی
ہی یہ قرض ہمارے ذمہ
ہوگا ادا ہو کہان سے یہ پیدا
ہوگا ادا ہو کہان سے یہ پیدا
ہوگا ادا ہو کہان سے یہ پیدا

تازی و فارسی وارد دہین — زینت مسند بہاداری
تو ہی کشاف معضلات سخن — تو ہی عسر لیف نغز گفتاری
یون پڑہین تیرے آگے اہل شعر — عرفی و انوری و ظہوری
جیسے رضوان کے آگے جنت کا — کوئی کھولے دکان عطاری
تیرے خوف دماغ عالی سے — خشک ہو خون مشک تاتاری
شاہد طبع پاک کے آگے — جسم بیجان بتان فرخاری
سامنے تیری شعر محکم کے — ہر سخنور کی نغز گفتاری
عہد زندان عاقبت دشمن — وعدہ شاہدان بازاری
حاسدون کے جگر مین تیرا شعر — دافع ظلمت سیہ کاری
اسطرح ہو کہ جسطرح مہمان — گرمین بارد کے ہو خونخواری
یون سخن حضرت ظہوری کا — ہی ترے وصف خاص مین جاری
از نمک پاشیے تکلم تو — عالمے کشتۂ دل افگاری
استان تو گشتہ کام نواز — سنخنے نیست درخور آزاری
مردہ لعلت فضائے سامعہ را — لذتستان شہد گفتاری
در رگ و پے ز لال دست بیت — بیجو وصف تو در جہان ساری
اے کرم پیشہ یار دیرینہ — مرہم خستہ گان ناچاری
قدر دانی مروت الہیت — ختم ہی تیری ذات پر ساری
خامی فکر و نقص شعر نہ دیکھ — نہ دے الزام ہرزہ گفتاری
عذر مقبول کر کہ تہا برسون — بستۂ رشتۂ گرفتاری
گو کہ کاسد ہی یہ متاع سخن — تو کرے گا مگر خریداری
یہی تحفہ سفر سے لایا ہون — ہی تہی دستی اور ناچاری

غزل

عمر بیتے ہین برعمر ہی باقی ہے — کب سہاگن ہو نکو نایت ہین ہوتا
کس روز مرے قتل کا پیرا ہین ہوتا — فرہاد شیرین کا ہوا ہین ہوتا
ہر ذرہ مین ہے شوق سے صحرا ہین ہوتا — مجنون ترا ہمسایہ ہوا ہین ہوتا
فرہاد شیرین کا ہوا ہین ہوتا — مجنون ترا ہمسایہ ہوا ہین ہوتا

غزل

قدر دل مری تو نظیم کوس یا اودہا — طبل شوق کے ہر بار مین بجوائی کی
خاکسار دل مین ہین ایسی کسی کی قوم — تو فرہاد اودہا
تا تو فرہاد نہ بادام سیا اودہا — جب پکاری کہ بجا ئی کسی کی قوم
دست تازی کسی کی قوم

دین و دنیا مین تو رہے شادان | بخت و دولت کرین تیری یاری

کیا منسراد التماس کری
فکر قاصر ہی نطق ہی عاری

پڑی ہی مجسے عناصر کی لمین یار گرہ | بساط عمر روان کا ہی عرض حار گرہ
بتونکے بالیونکی گونج تک نہ پونہچیگی | کہلای مہملیون کو گویان ہزار گرہ
سلام لیتے ہی میرا جبین جانان پر | دم عتاب بہی ہی میری غمگسار گرہ
بتون نے زلفونسے شاید اسی نکالا ہی | کہ آبلہ ہوئی بہر دہان مار گرہ
علاقہ چاہیے طوفان نوح سی کہہ تو | ہماری آنسو ونکا باندہتی ہی تار گرہ
جو پوچہے غنچہ سی احوال رخت گل کوئی | نہ کہولی ببید کی گٹہڑی یہ زینہار گرہ
جو دیکہہ لی مری خورشید داغ دلکی شکل | برنگ قطرہ شبنم ہوا شکبار گرہ
پڑی جو تیوری مین عالم وہ حسن کا نرہا | کسی ہی سیکہہ گئی نشہ کا اوتار گرہ
پہنسا سکے گی نہ پہندے مین مرغ زیرک کو | بنای حبل اگر اندنون ہزار گرہ
سمجہ لے قدر جو اکسیر خاکساری کی | تو اپنی گانٹہ مین باندہے مرا غبار گرہ
سبیل آبلہ پا جو ہمنے رکہدی ہی | نبی ہی عین عنایت سے آبدار گرہ
ہماری آنسو و ہنسی کیا کسینے دی تشبیہ | ہوئی برنگ گہر صاحب اعتبار گرہ
جو میری رشتہ مقصد مین پیچ ڈالیگی | تو دیکہنا کہ بہت ہوگی شرمسار گرہ
مین اوسکی خدمت عالیمین عرض کرونگا | کہ جسکی ناخن ہمت نکی ہی خوار گرہ
جناب **کلب علیخان** خدیو عالیجاہ | کرم سی جسکے ہی دنیا کی مالدار گرہ
جو اوسکی سالگرہ مین اوسکو ہوتا دخل | ہماری سبحہ انجم سیا فتخار گرہ
سناؤن مدح مبارک حضور مین آکر | دکہاؤن لف سخن کی مین بیشمار گرہ
علاقہ قطرہ شبنم کو نوک خار سی ہی | ترے زمانہ مین ہی سبحق دار گرہ

غزل

دل صنوبر باغ حضور سے جیٹ کر — لہو پیے صفت دانۂ انار گرہ
نگاہ گرم کے شعلہ سے صاف کہتا ہی — جو گوکھرو کی طرح ہی ہو خار دار گرہ
کہا جو ذرۂ خاک رہ حضور اوسکو — بنی ہی نقطہ پلے نون انکسار گرہ
گھلے گی مثل نمک ریزہ حکم والا سے — نہو گی بھیگ کے پانی مین استوار گرہ
ہلال ناخن ہمت سے بچسکے کیونکر — اگرچہ جای فلک پر ستارہ وار گرہ
جگہ ملی ہی جو تیری قبای زینت مین — ہوی ہی آج کھلے بندون آشکار گرہ
ستارہ طالع عمر ابد کا ہم سمجھین — جو تیری سالگرہ کی ہو رشتہ دار گرہ
ستارہ دانتونسی کہونگین ہلال ناخن سے — جو تیری عہد مین ہو چپکے آشکار گرہ
حساب ہو سکیگا گر فشانی کا — کرے جو دانۂ تسبیح پر شمار گرہ
تمہاری سالگرہ کو جو کہکشان کہدون — دُر نجوم گرہ پر کرے نثار گرہ
زمانہ کے لیئے وہ عقدۂ نکاح بنی — جو نکلے آپ کی تیور یسے ایکبار گرہ
بند ہی جیسے ہو اباغ بزم والا کی — بغلمین رکھتی ہی خوشہو کو غنچہ وار گرہ
نثار کرنیکو ہی قصد عقد پرین کا — کہپہ اپنی گانٹھ مین لائی ہی ایکبار گرہ

مطلع دیگر

اگر ہو ناخن والا سے ہمکنار گرہ — نہ پاے ناف مین بنکے اعتبار گرہ
حضور ناخن والا کبھی نہ ٹھہریگی — یہ بات گانٹھ مین باندہی ہزار بار گرہ
جکڑکے شحنۂ عدل حضور باندہا — ہوی تی رات کو مہمان لفظ یار گرہ
جو بحر مدحت والا سی تر زبان ہوگا — کہلے گی پہونک سی اوسکے حباب وار گرہ
اگرچہ جای زحل ہی چرخ ہفتم تک — نہ پونہچی آپکی تیوری تک ایکبار گرہ
نہ ٹھہرے آکے تری صورت نجوم سحر — پڑی جو تار نفس مین ہزار بار گرہ

جو دیکھہ پاتی ہی تنو پر ناخنِ سرکار — تو مٹھی کھولکے کرتی ہی زر نثار گرہ
تمام دشمن سرکار ہوگئی بے دل — وہ دل کہان ہی پر جسمین ہو نہ بیمار گرہ
خدا کے قہر سی حلق عدو مین کلگا نٹ — ازل سی ہوگئی مہر دہان مار گرہ
سر عدو تہ شمشیر عدل مہتا ہی — ہی تیری عہد مین ناخن سی ہمکنار گرہ
عدو ی جاہ کا عقد اللسان جو ہو منظور — تو اوسکی شخص سخن کی بنو مزار گرہ
کمال رشتۂ عمر عدو کی خاطر ہی — کریگی دعوتِ ہنگام احتضار گرہ
بنی ہی دیکھیے تبخالۂ دل دشمن — نکالے ابتو دل تنگ کا بخار گرہ
ترے عدو کے جو تارِ نفس مین پڑ جائے — یہ بڑہ چلے کہ بنے گنبد مزار گرہ
بتان دہر جو ہندی مین دل ہنسائینگے — کریگی پردۂ ناقوس مین پکار گرہ
تمہاری عقدہ کشائی مین عید کو دن ہی — نہو حسینو نکے جوڑ لیسی ہمکنار گرہ
جو میخ نعل سم اسپ بار پا کہدون — برنگ گوہر غلطان ہو بیقرار گرہ
اسیکے مہی دم و یال سی تو مانگے مین — کبوتران گرہ باز مستعار گرہ
جو موی میان سی اسکے بنائے ہیندا — ہمای نکہت گل کا کریگی شکار گرہ
فلک ای سمت اگر باگ اسکی اوٹہ جائی — لگائے گیسوی زہرہ مین شہسوار گرہ
ہزار بار یہ پہر آئے شرق سی تا غرب — کہلے دہوئین کی نہ آندہی سی ایکبار گرہ
جو باگ ڈور کے پہلو مین یہ جگہہ پائی — ہوا مین رقص کریگی صورت شرار گرہ
جگہہ نہ ہیکل فیل حضور مین پائی — جو چلہ کعبہ مین باندہی ہزار بار گرہ
کہون نہ دانہ زنجیر پای فیل اسی — کریگی پہاڑ کی چوٹی جو اختیار گرہ
جو ایکبار ملے خاک پای انور کی — بنائے سرمہ کی پڑیا ہزار بار گرہ
پڑی ہی تنگدلون پر نگاہ ابر کرم — برنگ دانہ ہوئی ابکی بار دار گرہ
صفا جو سیکھہ لے زنجیر عدل دالاکی — بتونکی زلف سے پہیلی ہزار بار گرہ

غزل

اوسے ہی کہو لدین ناخن ترے پہنچے
ترے جو موی کمر مین ہزار بار گرہ

تمہارے حکم کے پابند مین سبھو کو دا
کیے ہی دانۂ تسبیح کا حصار گرہ

نہ پای عقد انامل حساب فیض حضور
اگرچہ نکلے ہر انگشت مین ہزار گرہ

ترے خزانۂ ہمت سے منہ چھپای اگر
گلوی کیسہ کو پھانسی سے سا بار گرہ

جو تیری عقدہ کشائی مین سکو ہو تشویش
بنای نقطۂ مشک بنکے اعتبار گرہ

لباس فیض مبارک جو اوسکو یاد کرے
تو بنکے تکمۂ الماس پای بار گرہ

طناب خیمۂ والا نے نہ لگایا ہی
کمند عمر خضر سے ہی ہمکنار گرہ

کہلے گی کیسے فیض حضور سے جسدم
بنے گی قفل صنادیق اعتبار گرہ

نہ پہونچے تا زر گل باغ فیض لا ثمین
اگرچہ لالہ بنے بیضۂ ہزار گرہ

دلیل ایسے ہوئی ناخن مبارک سے
نہ کی بتونکی بنی لفون ذو اختیار گرہ

نہ پاے قرب یہان وہ شمع محفل کا
جو پہنے پیرہن نا فوانوس اگر گرہ

جو تیرے عہد مین لف بتانسی بکلیگی
کریگی سبکو دل و دست بنکے یار گرہ

لٹائین آپنے فینہ اگر بخبلونکے
کرے خزانہ قارون سے زر نثار گرہ

نہ کھولے ناخن والا جو اوسکی عقدہ کو
تو بسکی گانٹھ سی سمجھے کشتو کار گرہ

پڑی ہی سالگرہ مین حضور کو صد شکر
بڑہاے تار نکیون عنکبوت ار گرہ

نبی ہی دانۂ عنقای قاف معدومی
ہوئی جو ناخن والا سی شر مسار گرہ

زمین پر ہوئی معدوم عہد اوسمین
دوا کو بھی نہین ملتی ہی زینہار گرہ

کسی غزل کی ممس کو آپ اگر فرماتین
تو لاؤن عقد ثریا سے استعار گرہ

ترے تپنچہ کی گولی جو مین اوسے کہتا
تو کہیلتی اسد چرخ کا شکار گرہ

چمن مین گر دسوار یکو جانکر اکسیر
کلی کلی ہوی بالاے شاخسار گرہ

ترے کرم سے فقط عقدہ نکاح نہین
نہین ہی اور زمانہ مین جو شگوار گرہ

غزل

بنا نے تھے کبھی بزم نشاط خاص کے اوزار
اسی سے ہتی تھی بتیاں دیوار گرہ

ملی ہو ناچنے والونکو گھنگرو نمین کیا
کہ اندنون نظر آتی ہی دانہ دار گرہ

نکل ہی ہین گرہ بند نور کی نین
ہوئی ہی اہل عنا کے گلے کی ہار گرہ

ملے جو جامۂ دالا کے بند کی صحبت
سوا ہو گوہر غلطان سوا آبدار گرہ

زبان ہو سوی عمران کو دی سند تو کیا
نہ پائے آپ کی باتونمین اعتبار گرہ

دل مخالف سرکار مین جو پاوی گذر
زیادہ دے لحد تنگ سی فشار گرہ

سر عدو کو چڑہایا ہی اسنے سولی پر
مگر سیاہ اجل کی ہی چوبدار گرہ

ہر ایک گانٹھ مین باندھے گی نقب زن قسمت
ہوئی ہی خدمت عالی مین تیز کار گرہ

عدو کے تار نفس مین جو ڈالدیگی آپ
نہوگی وزقیامت بھی استوار گرہ

تمہارے بحر کرم مین نہین حباب کو دخل
او تاروی گئی بحر جہان کی یار گرہ

چرالی تیرہ والاکی ڈانڈ سے شاید
کہ نیشکر کو ملی بہر افتخار گرہ

ہوئی سنی ہے اسی کیشائش کار
کہ ہیو طرۂ عنبر سمک ہی ہر یار گرہ

دعا ضرور ہر اب ختم کر قصیدہ کو
ردیف کو نہین ملتی ہی زنہار گرہ

خدا نہ کرے عمر علیشہ وحشت مین
رفیق سا لگرہ کی ہو نا کہ بار گرہ

ہر نگفتہ ہو اخوا ہونکا یا مین ہیں
نسیم صبح سے کھلجاوی غنچہ وار گرہ

عدو رہین کے گرفتار عقدہ مشکل
پڑیگی رشتۂ مقصد مین بار بار گرہ

منیر کو ہی کشایش کی آپ ہی امید
ردیف کے لیے کی عمدہ اختیار گرہ

دلاسے یاد مری مدحت جناب امیر
مین ہفت بند کے بندونمین ہی نثار گرہ

سپہر دناحن سر کار کر دیا ہی اب
ہمیشہ کھولتی تھی شاہ ذوالفقار گرہ

سوائے آبلہ وخار دشت وحشت مین
کہین سنا ہی کری گنٹھ کٹونکو پیار گرہ

مرے کلام مین تعقید کا نہین ہی لگاؤ
نہین ہی تار تکلم سے ہمکنار گرہ

کیا ہی تنگ دل تنگ ذہبت مجکو — بغل مین عقدۂ لاحل ہی در کنار گرہ
پڑی نہین کبھی اس نوبر مین تکلیف — بنی اب شک مسلسل کی رشتہ دار گرہ
کئی مہینے ہی مین سختیان اوٹھاتا ہون — گلے مین پڑتی ہی گریہ سی بار بار گرہ
اشارہ ناخن اقدس کا ہو تو کہلی ہی — بس اب ہی منتظر حکم شہریار گرہ
ہمارے سلسلۂ اشک مین جو یاد خل — تو سمجھے موتی کی تشبیہ کو ہی عار گرہ
نسیم ہمت والا سی کہو لیئے عقدہ — بنی ہی غنچہ بستان انتظار گرہ
بدون وصف معلی غزل نہو موزون — نمود غین کی نقطہ سی ہی ہزار گرہ
جفائین جیلی ہین سیارہ ہای سبعہ کی — یہی ہین رشتۂ مقصد مین تین چار گرہ
سوا حضور کے کس ہی کیلیے مری مشکل — ہی جزو لاینجزی سے ہمکنار گرہ
ردیف زائدہ آئی کہین کہین تو کیا — منیر تار نفس سی ہی ہمکنار گرہ

قصیدہ فی المدح جناب نواب صاحب بہادر دام ملکہ کہ در جواب قصیدہ خلاق المعانی ہزار دست و غبار دست تبدیل زبان بہ ہزار ہا تہنیت گفتہ شد

مطلع اول

ای گل جو تو خاسہ رنگ چند بار ہا تہ — گلشن جا غم سی خون وفا یا نچ چار ہا تہ
دست ادا کا دل شکنی ہی نہین ہی کام — توڑین کبھی تو اشک مسلسل کا تار ہا تہ
ہر رند دیکھتا ہی تو سر پھوڑتا مرا — زانو پہ ایک دن تو تاسف ہی مار ہا تہ
فصل بہار ہوتی ہی باغو نسی ہم بغل — ابتو گلے مین ڈالدی ای گا ہذار ہا تہ
دست جنون نکا کیون نہو وحشت مین دور دور — رہتے ہین حلقہ کمر کو ہمسار ہا تہ
دامن ترا مین خیج فیسے کسطرح چھپکون — دل سی زیادہ کانپتے ہین بار بار ہا تہ

کیون بد دماغ ہی تو مری التماس سے
حد ادب سے بڑھ گئی کب ای نگار ہاتھ

وہ ہاتھ باندھون کیونکر نہین تری آگے
جو بندہ چکی ہین ور دی شہریار ہاتھ

فیاض عہد قبلۂ عالم پناہ خلق
پھیلائین جسکے آگے صغار و کبار ہاتھ

اوسکی ہی مدح رہتی ہی لاکھون زبان پر
اوسکی ہی فیض سے ہوی سرمایہ دار ہاتھ

ایک آستانہ لاکہہ سر و نکی ہی سجدہ گاہ
اوٹھتے ہین اک دعا کے لیئے بیشمار ہاتھ

مطلع اک اور دوسری تمہید ہین لکہو

مطلع دوم

کسکی کاٹ بتاتے ہین بار بار ہاتھ
اوڑتا ہی کیون سمند طبیعت ہزار ہاتھ

کسکی دعا کیواسطے اوٹھتے ہین روز و شب
سمجھے ہین بیعت ید بیضا کو عار ہاتھ

اوصاف لکھنہ ہا ہو نہین کسکی وقار کے
کیون دب ہی ہین آج تہ کو ہمار ہاتھ

دولت ہی کسکے سایہ دامن سے دستیاب
ہر روز کیملتے ہین ہما کا شکار ہاتھ

جارو کش در ہی کس در دولت کی اندرون
اکسیر کو سمجھتے ہین ننگ غبار ہاتھ

کسکے عروس مدح کی تزئین مین صرف ہین
ماہ دو ہفتہ لیکے ہین آئینہ دار ہاتھ

شاہانی دستبوس ہین جمشید و کیقباد
ہین کسکی بزم عیش مین خدمتگذار ہاتھ

کسکی بلائین لینے سے پایا یہ مرتبہ
دولت کو ہاتھ آئے جواہر نگار ہاتھ

کسکا سحاب فیض برستا ہی روز و شب
چنتے ہین جا بجا گہر شاہوار ہاتھ

آہوی دشت کسکی عدالت سے ہین دلیر
شیر و پلنسی لیتے ہین عوض پشت خار پہ ہاتھ

کسکی عنان پر آتی ہی ای کریم
تعظیم اوٹھ کے دیتے ہین کیون بار بار ہاتھ

حامی دین و ناصر اسلام و حق پناہ
ہین جسکے زیر دست کرم بیشمار ہاتھ

ممدوح خلق کلب علیخان خدیو عصر
جسکو خدا نے بخشے ہین عالم مدار ہاتھ

خامہ نے جب یہ نام مبارک رقم کیا | لے آئے نقد زیست بہرے نثار ہاتھ

مطلع سوم

جب سے ہوی حضور مین خدمتگذار ہاتھ | سرکار عز و جاہ کے ہین بیشکار ہاتھ
چھڑکاؤ کے لیے در دولت کے سامنے | بڑھ کر نچورین دامن ابر بہار ہاتھ
جای جو گرد راہ مبارک ہوی جبین | بھر سلام اوٹھای عروس بہار ہاتھ
مصروف سیر باغ ہین وہ مصرف جہان | گلگشت دوستا ہون ہین تھیلدار ہاتھ
کھولے سپہر عقدۂ مشکل ہر ایک کی | ایک ناخن بر بد وجود ہین ستعار ہاتھ
ممکن نہین کا مبارک کو چھو سکے | دوڑا ہے لاکھ پیر فلک بار بار ہاتھ
رنگین مزاج عہد مبارک نے کر دیا | منہدی کے بدلے ملتے ہین خون بیقرار ہاتھ
لکھین اگر قلم سے نہ مدح خدیو عصر | پنجہ مین اپنی دیکھ لین انگشت خار ہاتھ
مس کر چکے ضریح پیمبر کو جیسے آپ | آ آ کے چومتے ہین فلک بار بار ہاتھ
ہی آفتاب عہد مبارک مین اسقدر | نوشہ کی شی ہی چھوتے نہین نہار ہاتھ
تاری کے خوف سے نہ چھوئے کوئی اندھیرا | کوٹھے کے ہوا ہی اگر آئے کنار ہاتھ
ارشاد اگر ہو تحت عدل حضور کا | تا آسمان پہنچ ہون نے اٹھا رہا ہاتھ
درد دعا کو چین لین کف انتخاب سے | تربت کا کنج باندھ لین ای شہریار ہاتھ
کہیے تو کہکشان کی کلائی اتار دے | پوہنچی ہے تا فلک ابھی شاخ چنار ہاتھ
بے حکم پاک نا موی جسکو ہو پسند | چشم نگین بہر سے ہوا شکبار ہاتھ
ہو حکم تو گرہ دل اعدا کے کھول دین | کرتے ہین چشم نامہ ہی انتظار ہاتھ
زنجیر عدل خاص کے بہانے ہین تھینچ مین | اس بات پہ ہوا ہے مرے ای زلف یار ہاتھ
سرخی حنای اوڑھ کے اگر جا بہ تا فلک | اس عہد مین عبیر ہی ریزا اختیار ہاتھ

لیکن خانہ شفق کی تلاشی ہزار بار — رنگ حنا کو کہو مین اگر ایک بار ہاتھ
شمشیر بے پناہ کا چورنگ دیکھیے کر — دشمن کا دل او چھلنے لگا چار چار ہاتھ
لیکون دو دو ہاتھ مین سر دشمن اوتر گیا — کیا جوی آب تیغ کا ہی پاٹ چار ہاتھ
منظور سامنا ہی جو تیغ حضور کا — دست اجل پرای دل بدخواہ ہاتھ
دیکھے جو اوج رایت فوج حضور کا — شرما کے سرکشی سی اوٹھائے چنار ہاتھ
خامہ برنگ تیر دعا پونہچے عرش تک — لیکین جو نیزے فرش اہوار ہاتھ
ہوجای آج گرم نگاپو اگر یہ اہپ — پونہچای زلف شام ابد تک عنبار ہاتھ
آہو نمی کا اسکے جو نقشہ کوئی لکھی — پھر جای حسن نبض غزالی ہزار ہاتھ
دم بھرمین باگ ڈور سی بالای آسمان — پاندہ آئے ترک چرخ کے اسکا سوار ہاتھ
تحریر مدح فیل سوار یکی کرے — آئے اگر مجھے قلم مشکبار ہاتھ
کیا دور ہی کہ بیٹھ کے اس سریلند پر — پونہچای بام عرش سی برتر سوار ہاتھ
لیکین سے آئین تو دلاکش نہین — آیا ہی آج خیمہ ابر بہار ہاتھ
پانی جو پینیکا ہی یہ خرطوم سی کبھی — دہوتا ہی زیست سی فلک بیدار ہاتھ
تھوڑی سی موت اس سی اگر دستیاب ہو — دامان کوہ قاف کرین تار تار ہاتھ
کھنچوری کی جو ہمت عالی ہو دستگیر — شیرون کا پنجہ پیرین دم کا زار ہاتھ
ذرہ کو آپ کا یہ طوبی جوازن دے — ہم پنجہ آفتاب سی ہو بار بار ہاتھ
جا پونہچے تیر ترکش والا سی سوی مرغ — ایک آستین سی نکل آئے ہزار ہاتھ
برچہیتان قلم سے لکھین گے خصوصی — کاتب کا لینگے صفت نیزہ دار ہاتھ

مطلع چہارم

جس سے ملائین آپ کے تحویلدار ہاتھ — سمجھے وہ دست غیب کے ہین پیشکار ہاتھ

ردیف الف

عشر عشیر او ہمین جو ہون ہو شرح فیض — بحر عمیق کا ہو عمق دس ہزار ہاتھ
آسو گی جو عہد مبارک مین عام ہی — ہر ست خواب پاؤن مین ہر شمار ہاتھ
سکہ ہتیلیون کی لکیرین ہین اینون — پاتے ہین صبح و شام زر بیشمار ہاتھ
دریاے آب زر مین شنا کرتے ہین فقیر — کیون مثل موج بحر نہون بے شمار ہاتھ
دو ہاتھہ سایلون کر کرم آپ کا کثیر — جتون سی مانگتے ہین بستر ستوار ہاتھ
پیش سحاب فیض سلاطین عصر کے — چلو بہر آبرو کے ہین امیدوار ہاتھ
ثانی حسن شاہد اقبال کا وکہاے — آئینۂ فلک کو کرین سنگسار ہاتھ
محروم اگر زر گل باغ کرم سی ہون — مانند شاخ خشک ہون بے اعتبار ہاتھ
دیکہی جو ہر طرف گہر افشانے حضور — بہولی خوشی مین سمت مین بے شمار ہاتھ
مٹی مین سایلونکے دُر شبچراغ ہین — گویا بنے ہین اختر تابندہ دار ہاتھ
تعویذ نقش پا ہین صغیر و کبیر کو — ان روزون جو شنین ہی ہین یادگار ہاتھ
ہو کر سلام کی لیے خدمت مین باریاب — مانند شاخ سدرہ ہوی میوہ دار ہاتھ
دست حضور کی جو دُر افشانیان لکین — زرین رقم قلم ہو مصنع کا ہار ہاتھ
نقش خدا سی ہگذ فیض مین مدام — نقش قدم کے دست نگر ہین ہزار ہاتھ
مار و لنسی بہی زیادہ ہین اوصاف سی پکے — پورون پر اونکلیونکی کریگا شمار ہاتھ
آب گہر مین بازو دونکی مہایان ہین — رہتے ہین آشنای دُر شاہوار ہاتھ
نرہاتی التفات اگر ہو نہ دستیاب — سمجہین ہتیلیون کو کف زر نگار ہاتھ
باغ کرم کو دیکہتے ہی لوٹ مین پڑی — کیا کہائے بیٹہے ہین زر گل اوہار ہاتھ
کرتی ہین پیش نعم و بخشش کا کیا حساب — سبزہ ہی اونکلیان ہی تو ان بے شمار ہاتھ
وصف سواد شہر جو لکہا بیاض پر — آئے عنان ابلق لیل و نہار ہاتھ
کہینچ جا در اپسو کا نقشہ جو سینہ پر — آغوش اشتیاق کو سمجہے حصار ہاتھ

ای باغ بے نظیر عطا کر گل مراد
پیلا رہا ہی مثل گدا روزگار تہہ

سمجھا فلک کہ عیش ابد کی سند ملی
آیا یہان کی میلہ کا جب اشتہار تہہ

بزم وسیع خلق مبارک کی فیض سی
ہر عطر کی زمین بڑھی پانچ چار تہہ

بزم حضور کے لیے گلزار چرخ سے
گوندہینگے یاسمین کو اکلب کی ہار تہہ

آئی ہی عید جشن ہی دیوانخانہ مین
کہدو بڑھاے نذر کو ہر جان نثار تہہ

سب محو استفادہ ہین کاک حضور سی
پہیلے ہین جانب شجر میوہ دار تہہ

پروین فشان ہو صفحہ سیر نور پر قلم
لکھین اگر عبارت نثر نثار تہہ

زخمونکی طرح دیدہ دشمن ہین تنگ نفسان
ہین پاے بند سلسلہ اضطرار تہہ

اہل حسد کی محکمہ جانکنی مین روز
ناظر اجل کی آنکھین ہین سیر فستہ دار تہہ

سر پیٹتے ہی ہتے ہین خواہ سلطنت
آپ اپنی اختیار سی ہین عشدہ دار تہہ

خالی نہین شکست سی دست عدو ی جاہ
ٹوٹے ہوی محل کے ہین جاگیر دار تہہ

اعداے بد نصیب نے پائی ہین سو لیان
شاخین نبی ہوئی ہین بے نخل دار تہہ

ڈھونڈہی جو باغ زیست ہی بدخواہ کوی ہل
آجاے خود بخود گل شمع مزار تہہ

دشمن کی مغز سر مین ہو تہر شرر فشان
بو آئے پنبہ زار مین تخم شرار تہہ

لین خیر خواہون نے دل دشمن مین جگہ یان
کہلاے خوشنو یسو نمین ناخن نگار تہہ

دشمن سی ملنے کو جو خوشی لے ہو لکھر
پہلو تہی بغل ہی کری در کنار تہہ

لکھتا نہین ہی وصف معلی عدو ی جاہ
کیون سمجھی او نگلیو نکو نہ شمع مزار تہہ

تیغ اجل کے ڈور لیے شمن سین گرجم
کر لین گو جمع بہر کفن پود و تار تہہ

خاتمہ و اشعار دعائیہ

بس ای منیر اب یہ قصیدہ تمام کر
لکھنے سی کینچتا ہی قلم بار بار تہہ

غزل

خاطر پسند نظم کہا اس زمین میں میں — کیونکر ہوں دستیاب تجھے مشتہار ہا
ہے طبع سست روزہ ماہ صیام سے — مجبور ہا ہی فکر ہے بے اختیار ہا تھ
میں منفعل ہوں کوتہی فکر کے سبب — محجوب ہا دہر قلم ہی او دہر شرسار ہا تھ
صید ایک آدہ طایر مضمون جو ہو گیا — خامہ کو سمجھنے دو کہ عنقا شکار ہا تھ
ممدوح کے کرم سے قصیدہ رقم کیا — تھے ورنہ اس زمین میں بے اختیار ہا تھ
خلاق جو معانی و مضمون کا تھا کمال — تھے اسکی اس زمین سے بے بہرہ دار ہا تھ
صید افگن اس زمین پہ ہو سلمان ساجی — آیا دل منیر کو اب یہ شکار ہا تھ
گنتی میں صرف ہو گئی وہ فارسی کہ — اردو کے موتیوں کا بھی کر لیں شمار ہا تھ
کمتر نیا میں سب سے قصیدہ منیر کا — انصاف ہی نہ کینچیں جو دانش شعار ہا تھ
بہتر ہی اب لگاؤں خدا کے دعا چیز — رنگینیٔ اثر کے ہیں امیدوار ہا تھ
تا جلوہ گر ہو جلد رخ شاہد اثر — پہلے سے ٹھہرے آئینہ انتظار ہا تھ
فرط خلوص قلب سے تیری جناب میں — ہر دم دعا بلند ہیں اے کردگار ہا تھ
افزوں ہو عمر و دولت ممدوح بیحساب — آئے تمام سلطنت روزگار ہا تھ
اقبال عافیت کی ترقی ہو یا کریم — ہوں کام بخش کام روا کار ہا تھ
آفاق میں ہیں جتنے زبردست برحق — پیلا ئیں آکے پیش خداوند گار ہا تھ
میں ہی ہوں مدام ستایش گر خصو — مدحت سرا زبان ہو مدحت نگار ہا تھ

قصیدہ

زمانہ بھر میں خوشی کا ہیں نیلن ہی وطن — خدا کے فضل سے ہی رہتے ہیں مسکن
تمام شہر ہی رنگین لباس خوش پوشاک — ہر رنگ گل ہی ہر اک کے گلے میں پیراہن
شگفتہ لالہ و شگفتہ دل شگفتہ مزاج — ہر اک کو ہاتھ لگی ہی بہار تمین

کہین مباحثہ علم و مجلس فضلا
کہین مشاعرہ ہی پڑہ رہے ہین اہل سخن

کہین قرا قبہ مین محو اہل گشف و شہود
کہین مین حلقہ مین انوار وادی ایمن

ہجوم ہے سر بازار مہ جبینون کا
بھری ہین نور کے بکنے کو حور پیکر ہین

بناؤ کر کے ہین گھر و مین جلوہ گر یارن
ادائین ہوش ربا ہر نگاہ تو ہر شکن

ہر ایک گھر مین ہی بزم نشاط و محفل عیش
کہین طرب کہین ہین سرسنگار کرن

عصب کا ناچ تبا ناطاسم کا گانا
برای خرمن دل برق جنبش دامن

خوشا نصیب جو اس شہر مین رہے آکر
جو بادشاہ ہو تو بہی نہ یاد آئے وطن

علی الخصوص ہو اقبال اوج پر جسکا
رسائی ایسی ہو حاصل کہ دیکھے بھی ہون

نصیب ہو شرف خدمت خدیو جہان
جناب کلب علیخان خدایگان زمن

جو خواب مین جم و کسری نے بہی نہ دیکہا ہو
وہ جشن دیکہے آنکہون سے زیر چرخ کہن

مکان نور کا پرتو ہین گہر آسود
نہال طور صفت جہاڑ نور کے روشن

جتنے ہوی نظر آئے جڑاؤ گلدستے
ہر ایک پہول سے در یوزہ گر بہار چمن

ادب سے بیٹھے دو زانو مصاحبین ندیم
وقور رعب سے خاموش خم کیے گردن

قطار باندہے ہوے چوبدار خدمتگار
کہڑے عصاے مرصع کیے ستون ذقن

سنہری لیس کی پگڑی ہر ایک کے سر پر
بدن مین مخمل زربافت کی نئی جسکن

کمال حسن سے بیٹہی ہو مہ جبین پریزادین
امانی غمزی ادہر جادی و سطرف جہون

تمام طایفون کو نام نظم کیونکر ہو
سنا نہین کہین کوزہ مین بحر کا سکن

دیا یہ حکم خداوند نے اگر اوسوقت
کہ بزم عیش ہو ہمرنگ وادی ایمن

برای رقص ہون محبوبیان اب طیار
پہائین آنکہین مخمور شی سے تابان سیمین

کہون مین اوس صنم عشوہ گر کی کیا آمد
لطیف نکہت گل سے زیادہ جسکا تن

وہ حسن گرم کا جلوہ وہ چہپے رنگت
کہ جسکے آگے ہو شرما کے زرد رو کندن

غزل

خط ہو خانہ کی کیونکر نہ نہال کہیئے جائے
شمیم زلف چرا لیگیا ہی مشک ختن

پہسل کے صاف گری چکنی چکنی باتونسی
اگر نہ روک لی پاے نگہ کو چین دامن

چمک رہا ہی جو ہو باف جد شبگون مین
عجب ہی شمع ثریا ہی دو جگہ روشن

محافظت شب گیسو کری ہی جو زیور کی
تو پیر خرخ ہی اوسکی گھٹا سکے یہ نہین

ق

نہ پاے سایہ ہی چمپکے کی چاند سورج کا
چراغ شمس و قمر لیکے لا کہڑا ہو تو نہین

اوسرا و در ہر خم مو باف سی ہی یہ ظاہر
کہ دو ہلالو نمین روشن ہی شمع سان گردن

طلب کری رخ گلگون خط غلامی کر
خوشی سی مہر کری داغ لالہ کاشن

حلب مین شام نہو صبح ہی ہی حشر
پڑی جو آئینہ مین عکس عارض روشن

نظر جو اوسمین پڑی عکس عارض انور
تو آرسی سی بدل لے قمر کو خرخ کہن

ادب سی مہ نو نہین سکتی ہی جسکو افشان ہی
خدا کی شان وہ ماتا ہی کعبہ گاہ شکن

جو بارہ پر کبھی ابرو کے سمجھے دیکھے
تو قتل ہو نیکو رستم بڑا ہی خود گردن

لہین جو باکین تو اوٹین ابھی نقیبن کی
کٹاریان سی چلین نوک کی جو ہے پیوان

نگاہین مست ہین آنکھین خمار آلود
جو دیکھہ پائین تو شیر نکی بھی ہون نشہ ہرن

جگہہ ہی بینی انور کی دونون گالون مین
میان مس و قمر شمع طور ہی روشن

تجلی لب و دندان جو دیکھہ کر شرمای
تو کہای کوٹ کر الماس ابھی عقیق مین

حلاوت لب شکر فشان کی صحبت سی
بہرا ہی قند کا شربت میان چاہ ذقن

بہرا ہے قند کے کوزونکی منہ مین بھی پانی
شکر فشان دم تقریر ہو گر وہ دہن

ہلال طوق مرصع بنے مہ کامل
جو ایک شب بھی میسر ہو جلوہ گردن

تمام وصف سراپا ادا ہو کیا مقدور
لسان خامہ ہی مقطوع اور مین الکن

ادا مین طرفہ قیامت کی چال موزون قد
شریک شوخیونکی ساتھہ خجالتی چتون

بہم متانت و تمکین و شوخی و تیزی
ملی جلی ہوئی ترکیب کا نیا جوبن

ہر ایک بات پہ ہنسنا تو دہر کی رسم ہے
یقین اپنی طرف کھینچے اپنی جانب ظن

چمک میں اپنی نہ گوہر کو ہے کمک شاید
ستارہ نور کے ہیں مہر خاوری کی کرن

بڑھی وہ بانکپن فرشی وہ پیشواز کا دور
سکھا دی برق کو شوخی وہ جنبش دامن

زیادہ دور تمہری ہی پیشواز کا گھیر
ادب ہے گرد پھرے گردش سپہر کہن

چمک لباس کی ایسی کہ جس سے جھلکے
تمام بزم ہو سلسلہ ستارے سے روشن

تمام زیور الماس میں ہیں تک سر شمع
کہ جس سے کسب تجلی کرے سہیل یمن

کھڑے ہوئے ہیں جو انداز ہی سے محفل
بیان کس سے ہو وہ وہ واہ واہ ہیں

وہ تہاب طبلہ کی سازگیوں کی وہ لہری
صدا وہ جوڑ کی جس پر بلائیں سر گردن

جو دیکھیے تو کہی موافق بجوڑ کی ہلنے کو
تو بھولا اپنے کمانے کی جنبشیں ابرو من

وہ مکملہ بلاس کا عالم وہ چکیٹیں وہ مسک
شہر چنو نون میں انتہا کا تیکھا پن

لچک کمر کی کلائی کی گردشوں کے ساتھ
وہ توڑی جن سے کہ سنکے ہی سیکھا جائے فن

جو دیکھو گردن نازک کی ڈور یکا عالم
تو برق طور کرے تار تار پیراہن

مسک وہ دی جو دم رقص ہو انہیں منظور
تو فرش سبز گل تر میں بچھ آنے شکن

مجال کیا کبھی گنگرو جو بڑھ کے بول سکیں
کریں اشارہ جنبک کہ جنبش دامن

بیان کیا ہو کمر کے لچکنے کا عالم
ہلا ہے شاخ گل تر نہ یوں نسیم چمن

حباب شعلہ و طاؤس و برق پاؤں پر
کہ اپنے رقص کا صدقہ ہیں سکھا دو فن

گنہگاروں کی قیامت کی تو ہے سحر کا تاج
غضب کی جانو لیاں شوخ قہر کی چتون

اندھیرے میں ہو اوجالا وہ نور کی آوے
اثر وہ کی میں کہ تصویر کی ہے گردن

وہ گنگر کی چمک زمزمہ کا وہ لہرا
اوڑاتے ہیں شب مہ میں کنکر کرن

طلسم سحر ہے بردار باٹ دار آواز
کسی پری کا نہ اوڑتے میں پہیلی پن

بلائیں لیتی ہیں گانے کی آکے راگنیاں
برابری گنگلی کا سوہ وہ گوجری ترون

جو دیس گانے ہو ایکبار سن پاہین — مسافرون کو نہ تا حشر یاد آئے وطن
برس کے کاغذ ابری ابھی ہی چل نکل — بیاض مین جو لکھون انکے گانے کا سامان
ترانے پکے پری عمدہ ٹھہریان تحریر — سنین تو پھر نہ ترنم سرا ہون مرغ چمن
گلے مین ایسے پڑتا ہی نور کا دانہ — کہ مرغ دل کے لیے دام ہی وہ صوت حسن
لگند ہی کہ اثر اس صدای دلکش کا — کھنچے ہوئے چلے آتے ہین سنکے صید فگن
